Scanned by CamScanner

قرآن وسنّت: شفا و ہدایت سب کے لیے

اچھے رِشتوں کی تلاش

(رِشتۂ صالحہ کے لیے مجرّب وظائف)

مرتب:

محمد مشتاق قادری اُویسی

ناشر

الدّارُ السُّنیہ

523/7,Waheed Kutub Market, Matia Mahal,

Jama Masjid, Delhi-6

zubairqadri@in.com /:Mobile: 09867934085

Scanned by CamScanner

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

کتاب کا نام: اچھے رشتوں کی تلاش

مصنف : محمد مشتاق قادری اویسی

کمپوزنگ : محمد زبیر قادری (09867934085)

اشاعت اوّل: ربیع الاوّل ۱۴۳۵ھ/ فروری ۲۰۱۴ء

تعداد : ۲۲۰۰

صفحات : ۲۴

قیمت : 20/روپے

کتاب ملنے کے پتے

(۱) کتب خانہ امجدیہ، ۴۲۵ مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی۔۶ (فون:011-23243187)

(۲) عرشی کتاب گھر، حیدرآباد (موبائل:09440068759)

(۳) ناز بکڈپو، بھنڈی بازار، ممبئی۔۳

(۴) مدینہ کتاب گھر، اولڈ آگرہ روڈ، مالیگاؤں، مہاراشٹر (موبائل9325028586)

(۵) مدنی بک اسٹال، قادریہ مسجد کمپلیس، بنکاپور چوک، ہبلی، دھارواڑ، کرناٹک

(۶) فتح اللہ، نمبر ۱۰۱۶، فرسٹ مین روڈ، آرٹی نگر، بنگلور۔ ۳۲ (موبائل:09945081222)

(۷) فلاح ریسرچ فاؤنڈیشن، کانپور (موبائل:09026982627)

Scanned by CamScanner

وجۂ تالیف

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

آج کے اس پُرآشوب دور میں جس طرف نگاہ اُٹھائیں ہر شخص مصیبت وآزمائش میں مبتلا نظر آتا ہے۔ مصیبت وآزمائش کبھی تو بطورِ امتحان ہوتی ہے اور کبھی بطور سزائے اعمال۔ انسان کی حد سے بڑھی خواہشات کہ جن کی تکمیل کے لیے حلال وحرام کی تمیز کو بالائے طاق رکھ دینا اس مصیبت وآزمائش کی بنیادی وجہ ہے۔ اس کے علاوہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی جانب سے عطا شدہ نعمتوں کو اپنا ذاتی کمال اور ذاتی خوبی جاننا اور پھر اس کے نتیجے میں شکرگزاری سے غفلت اور اس غفلت کے باعث فرائض وواجبات کو ترک کر دینا، اس مصیبت وآزمائش کی دوسری بڑی وجہ ہے۔ جب انسان، اللہ عزوجل کی نافرمانی میں حد سے بڑھنے لگتا تو وہ طرح طرح کے مسائل کا شکار ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ کبھی اُسے زر وتجارت میں بے برکتی کی شکایت ہوتی ہے اور کبھی گھر میں بے سکونی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، کبھی اولاد کی نافرمانی پریشان کرتی ہے اور کبھی جوان بیٹیوں کی گھر میں موجودگی اور رشتۂ صالحہ کا دور دور تک نظر نہ آنا اور ماں باپ کے لیے گھر میں سب سے بڑی پریشانی اور فکرمندی بچیوں کے لیے مناسب رشتہ نہ ملنا ہے۔

واضح رہے کہ گھر میں اچھے اور مناسب رشتے نہ آنا صرف گردش اور بندش کے باعث ہی ممکن نہیں بلکہ بسا اوقات اس میں خود والدین کا بڑا عمل دخل ہوتا ہے۔ اوّل تو دینی معیار چھوڑ کر خود اپنا معیار قائم کر لیا جاتا ہے کہ اچھے اور مناسب رشتے کے لیے یہ معیار کافی ہے کہ رشتہ شریف النسب اور دینِ اسلام کے احکامات پر کاربند ہو، اب اگر مزید سے مزید تر کی تلاش جاری رہی تو یہ دوسری سنگین غلطی ہے۔ گھر میں اچھے اور مناسب رشتے کا آنا اللہ تعالیٰ کی عطا اور کرم نوازی ہے۔ اب اس نعمت کو ٹھکرانا اور مزید جدید طرزِ فکر وعمل کے رشتوں کے

Scanned by CamScanner

انتظار میں رہنا اللہ عزوجل کی نعمتوں کی ناشکری ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ کو ناشکرے لوگ ہرگز پسند نہیں۔ جب گھر میں آتے اچھے اور مناسب رشتوں کو ٹھکرادیا جاتا ہے تو بطور آزمائش اب مزید رشتے آنا بند ہوجاتے ہیں کہ جسے کم فہمی کی بنا پر بندش وتعویذاتِ بد پر محمول کیا جاتا ہے۔

یاد رہے کہ بندش اور تعویذاتِ بد سے بھی رشتوں کی بندش ہونا ممکن ہے، مگر آج کے اس دور میں زیادہ تر رشتے نہ آنے کی وجوہات سطورِ بالا میں بیان کردی گئی ہیں۔

ان تمام مسائل کے پیشِ نظر راقم الحروف نے اِرادہ کیا ہے کہ عوام وخواص کو اس مصیبت وآزمائش سے محفوظ رکھنے اور خدانخواستہ مبتلا ہونے کی صورت میں اس کے تدارک کے لیے سعیِ جمیل کی جائے۔ لہٰذا فقیر اس رسالے میں حصولِ رشتۂ صالحہ کے مجرب وظائف قلم بند کررہا ہے کہ جن کی برکت سے اِن شاءاللہ عزوجل اچھے اور مناسب رشتے آنا شروع ہوجائیں گے اور آخر میں بندش اور تعویذاتِ بد کے اثرات سے محفوظ رہنے اور ان میں مبتلا ہونے کی صورت میں ان سے چھٹکارہ پانے کے لیے مکمل علاج تحریر کیا جائے گا۔

اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو ہر قسم کی پریشانیوں اور مصیبتوں سے محفوظ رکھے اور تمام مسلمان بچیوں کے لیے اچھے اور مناسب رشتے مہیا فرمائے۔ آمین بجاہِ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم۔

احقر العباد

محمد مشتاق قادری اویسی

Scanned by CamScanner

شرائط وہدایات

اس رسالے میں درج شدہ تمام اعمال و وظائف کی اجازت کے لیے مندرجہ ذیل ہدایات پرعمل کرنا لازِم ہے:

نمازِ پنج گانہ کی پابندی...... ظاہری و باطنی تمام گناہوں سے پرہیز...... کثرتِ دُرود وسلام...... حتی الوسع صدقہ وخیرات کی پابندی...... جو وظیفہ پڑھا جائے صحیح تلفظ اور مخارج سے پڑھیں...... جو تعداد بیان کی جائے اُس کی پابندی اور مدّتِ عمل کے لیے ایام کی پابندی...... دُنیاوی معاملات کے مقابلے میں اُخروی معاملات کو ترجیح دے۔

جو شخص مندرجہ بالا شرائط پر مکمل کاربند ہو وہ اس رسالے میں موجود تمام اوراد و وظائف سے مستفیض ہو سکتا ہے۔ اللہ عزوجل تمام مسلمانوں کو کامیابی و کامرانی عطا فرمائے۔ آمین

Scanned by CamScanner

نیک رشتہ

اگر کسی لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو اور بڑی کوشش کے باوجود رکاوٹ ہو تو یہ عبارت لکھ کر لڑکی کے گلے میں ڈالیں، اِن شاء اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی مناسب رِشتہ ضرور مل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ۔ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ قَوْلِكَ هٰذَا وَبِحُرْمَةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ تَرْزُقَ فُلاں بنت فُلاں زَوْجاً مَوَافِقاً غَيْرَ مُخَالِفٍ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

نوٹ......فلاں بنت فلاں کی جگہ لڑکی اور اُس کی ماں کا نام لکھے۔

رشتۂ صالحہ کا آسان عمل

حصولِ رشتۂ صالحہ کے لیے نہایت آسان اور مجرب عمل ہے۔

بعد نمازِ عشاء دوبارہ وُضو کر کے دو رَکعت نماز نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ بار سورۂ اِخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ۱۲۹ ر مرتبہ یَا لَطِيْفُ پڑھ کر اپنے مقصد کے لیے دُعا کریں۔

مدتِ عمل: تا حصولِ مراد

شادی کے لیے کثرت سے پیغام آئیں

لڑکا یا لڑکی کی شادی کا پیغام نہ آتا ہو یا رُکاوٹیں پیدا ہوتی ہو، بار بار رِشتہ

Scanned by CamScanner

طے ہونے کے بعد چھوٹ جاتا ہو تو چاہیے کہ بروزِ جمعہ بعد نمازِ فجر اس دُعا کو زعفران سے لکھ کر لڑکا یا لڑکی کے گلے میں لٹکائے۔ ان شاء اللہ عزوجل رشتہ اور رشتے کی پختگی کا سامان غیب سے ہو جائے گا۔ تعویذ کو اچھی طرح پلاسٹک میں لپیٹ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے تاکہ غسل کرتے وقت پانی اندر سرایت نہ کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا حَلِيْمُ يَا يعجل يا كريم لا يجهل ياذا الجبروت وياذا الجود والقوة ياذا الرَّحْمَةَ الْوَاسِعَةَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ الله صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَحْمُوْدٌ كَرِيْمٌ مَوْجُوْدٌ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ، وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْن، اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ اٰيَةٌ هٰذَا وَبِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَام، اَنْ تَرْزُقَ هٰذِهِ الْمِرَأَة (لڑکی اور اُس کی ماں کا نام لکھیے) زَوْجاً مُوَافِقاً غَيْرَ مُخَالِفٍ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

تعویذ اگر مرد کے لیے ہے تو هٰذِهِ الْمَرأَةِ کی بجائے آخر تک یہ لکھا جائے اَنْ تَرْزُقَ هٰذَا الرَّجُل... زَوْجَة مُوَافِقِهٖ غَيْرَ مُخَالِفَةٍ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

کثرتِ پیغام کے لیے

سورۂ احزاب يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ سے وَكِيْلًا تک ہرن کی جھلی یا سفید پاک کاغذ پر لکھ کر ایک ڈبے میں رکھ کر گھر میں رکھیں۔ اِن شاء اللہ عزوجل لڑکیوں کے پیغامِ نکاح بکثرت آنے لگیں گے۔

Scanned by CamScanner

لڑکی کی شادی میں رُکاوٹ

اگر کسی لڑکی کی شادی میں رُکاوٹ ہو یا کسی معلوم یا نامعلوم وجہ سے کہیں شادی نہ ہوتی ہوتو وہ سورۂ الممتحنۃ (سورۃ نمبر ۶۰) روزانہ پانچ بار باوُضو پڑھے، اِن شاءاللہ اُس کی شادی کسی نیک بخت نوجوان سے ہوجائے گی۔

فوری رشتۂ صالحہ کے لیے

اگر فوری طور پر رشتۂ صالحہ کی خواہش ہوتو لڑکی خود بعد نمازِ عشاء یَا مُعْطِیْ گیارہ ہزار بار گیارہ دِن تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرے اور اِتوار کو ختم کرے، اِن شاءاللہ اُس کی مشکل آسان ہوگی۔

بہترین عمل برائے رشتۂ صالحہ

نیک مناسب رشتے کے لیے یہ عمل انتہائی مؤثر ہے۔ چاہیے کہ سفید ریشمی کپڑے پر سورۂ طٰہٰ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکی کے گلے میں ڈال دے تو اِن شاءاللہ عزوجل بفضلہٖ بہت جلد رِشتۂ صالحہ کا پیغام آئے اور شادی ہوجائے اور اولاد بھی نیک پیدا ہو۔

شادی کا مجرب عمل

جس مرد یا عورت کی شادی نہ ہوتی ہوتو تمام کاموں سے فارِغ ہو کر رات کو بعد نمازِ عشاء اوّل دو رَکعت نماز نفل شادی ہونے کی نیت سے پڑھے اور بعد سلام کے اوّل و آخر گیارہ بار دُرودِ ابراہیمی کے اِکتالیس بار سورۂ اِخلاص پڑھے اور .

Scanned by CamScanner

صِرف شادی کے لیے دُعا کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا۔ عمل کی مدت نوّے ۹۰/ دِن ہے۔ اس عرصے میں اگر منگنی یا شادی ہوجائے تب بھی نوّے دن پورے کرے۔ عورت ناغہ کے دن شمار کرکے بعد میں پورا کرے۔

اگر منگنی کے بعد شادی میں رُکاوٹ ہو

اگر کسی کی منگنی ہوچکی ہو اور اب شادی میں رُکاوٹیں پیش آرہی ہوں یا پھر لڑکے یا لڑکی والے منگنی توڑنے پر آمادہ ہوں تو بعد نمازِ عشاء پانچ سو ۵۰۰/ بار یَا لَطِیْفُ یَا حَلِیْمُ پڑھے۔ اوّل وآخر ۱۴۔۱۴ بار دُرود شریف پڑھے۔
اِن شاء اللہ عزوجل ایک ماہ کے اندر اندر تمام رُکاوٹیں دور ہوں گی اور جلد از جلد شادی ہوجائے گی۔

نوٹ:...... پڑھتے وقت لڑکی یا لڑکے کے وُرثاء کا تصوّر کریں۔

بیٹے / بیٹی کی اچھی جگہ شادی کے لیے

اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور چاہے کہ اچھی جگہ اور جلدی شادی ہوجائے تو وہ تین سو تیرہ ۳۱۳/ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) دن تک اس آیت کو پڑھے اور اوّل وآخر جو بھی دُرود یاد ہو، گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اِن شاء اللہ بہت جلد اچھی جگہ رِشتہ مل جائے گا۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ○ (سورۂ یٰسین، آیت:۳۶)

نیک بیوی/شوہر کے حصول کے لیے

جس لڑکے یا لڑکی کی خواہش ہو کہ اُس کا شریکِ حیات نیک اور پرہیزگار و متقی ہو تو اُسے چاہیے کہ سورۂ مُزَمِّل شریف گیارہ جمعرات بعد نمازِ عشاء گیارہ مرتبہ پڑھے اور اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اِن شاء اللہ عزوجل اس عمل کی برکت سے نیک شریکِ حیات ملنے کی آرزو پوری ہوگی۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا ۔۔۔ لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○ (پ: ۱۹، الفرقان، ۷۴)

رُکی ہوئی شادی کا عمل

جن لڑکوں یا لڑکیوں کی شادیاں رُک جاتی ہوں اور والدین کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو بعد نمازِ فجر اور عشاء سورۂ مُزَمِّل شریف سات سات مرتبہ پڑھیں اور ختمِ عمل پر ایک تسبیح دُرود شریف کی پڑھیں اور دُعا کریں۔ اِن شاء اللہ عزوجل گیارہ روز میں کوئی نہ کوئی سبب ضرور بن جائے گا اور آسانی سے شادی کے مراحل طے پائیں گے۔

رشتہ ملنے کا وِرد

حصولِ رشتۂ صالحہ کے سلسلے میں اگر ہر طرف سے نا اُمیدی ہو چکی ہو اور بیٹیوں کے لیے کوئی معقول رشتے نہ مل رہے ہوں تو والدہ یا پھر کسی ہمدرد عورت کو چاہیے کہ بعد نمازِ عشاء دو رکعت نمازِ نفل ادا کریں اور ہر رکعت میں گیارہ بار سورۂ اِخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد سورۂ یٰسٓ شریف کو سات مُبینوں کے ساتھ ایک مرتبہ پڑھے۔ پھر ایک تسبیح یَاوَدُوْدُ یَالَطِيْفُ کی پڑھے، اوّل و آخر

سات بار مندرجہ ذیل دُرود شریف پڑھے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کی مہربانی سے سترہ (۱۷) دن میں مناسب ومعقول اچھا رِشتہ مل جائے گی۔

دُرود شریف یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صِلِّ صَلٰوۃً دَآئِمًا وَّسَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِكَ وَسَیِّدِ النَّبِیِّكَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

پسند کی شادی

جو لڑکا یا لڑکی پسند کی شادی کرنا چاہیں کہ جس میں اُس کے والدین راضی ہوں مگر سامنے والے راضی نہ ہوتے ہوں تو اِس عمل کو شروع کریں۔ اِن شاء اللہ عزوجل اِکتالیس ۴۱ دن میں رِشتہ ہو جائے گا۔

والدین پڑھیں:

بعد نمازِ عشاء گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار پڑھیں: یَا وَدُوْدُ یَا لَطِیْفُ.

لڑکا / لڑکی خود پڑھے:

بعد نمازِ عشاء گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار پڑھیں: یَا جَامِعُ۔ اوّل وآخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔ (پڑھتے وقت اُن کا تصوُّر رکھیں)

وظیفہ برائے رشتۂ بنات (بیٹیاں)

بیٹی کا رشتہ نہ ملنے کی صورت میں اسمِ مبارک یَا عَدْلُ کا وِرد کریں، اللہ عزوجل اچھا اور بہترین رِشتہ عنایت فرمائے گا اور اگر جہیز کے معاملات میں

Scanned by CamScanner

پریشانی ہوتو اللہ تعالیٰ اسباب پیدا فرمائے گا۔اس اسمِ مبارک کا ظیفہ کرنے والے کی اللہ تعالیٰ بیٹیوں کے نصیب سمیت جمیع اُمور میں کفالت اپنے ذِمّے لے لے گا۔

بعد نمازِ مغرب دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور اس وظیفے کو وقت کی مناسبت سے ۱۰۰، ۳۰۰ یا پھر ۱۰۰۰ ر بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت پوری ہونے کا سوال کرے۔ اِن شاء اللہ عزوجل بہت جلد رشتۂ صالحہ ہو اور جہیز کے معاملات میں آسانی۔اوّل وآخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔(مدتِ عمل تا حصولِ مراد)

رشتۂ صالحہ کا عمل

اگر کوئی لڑکی شادی کے قابل ہو اور کوئی مناسب رشتہ نہ آتا ہو یا شادی میں رکاوٹ ہو تو اِکیس بار روزانہ سورۂ طٰہٰ پڑھے۔ اِن شاء اللہ عزوجل مناسب جگہ رشتہ طے ہو جائے گا۔ بہتر یہی ہے کہ بعد نمازِ فجر پڑھے۔اوّل وآخر گیارہ بار دُرودِ ابراہیمی پڑھے۔

بچیوں کا نصیب کھولنے کے لیے

جو والدین اپنی بچیوں کے نصیب کی وجہ سے پریشان ہوں اور بچیوں کے لیے کوئی مناسب رِشتہ نہ مل رہا ہو تو اُنہیں چاہیے کہ بعد نمازِ عشاء سورۂ السجدہ اکیس ۲۱ ر بار پڑھے اور پڑھ کر بچیوں کے لیے اچھا رشتہ ملنے کی دعا کریں۔ اِن شاء اللہ عزوجل دو ہفتے میں ہی کوئی نیک صالح رِشتہ مل جائے گا۔اوّل وآخر اکتالیس بار دُرودِ ابراہیمی پڑھے۔

مدتِ عمل ۲۱ ر دِن ہے۔

Scanned by CamScanner

پیغامِ نکاح قبول ہو

اگر کوئی اپنی لڑکی یا لڑکے کے لیے کوئی مناسب جگہ رشتے کی بات کرنے جائے اور تمنا ہو کہ وہ اِنکار نہ کریں تو اس آیتِ مبارکہ کو زعفران سے لکھ کر دائیں بازو پر باندھے۔ اِن شاءاللہ عزوجل اُس کا پیغام قبول ہو اور بہت جلد آسانی سے رشتۂ صالحہ طے ہو۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط قُلۡ اِنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِاللّٰہ سے وَاللّٰہُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ تک لکھے۔ (پ: ۳، آل عمران، آیت: ۷۳۔ ۷۴)

مجرب عمل برائے نکاح

دو رَکعت نمازِ نفل پڑھ کر اوّل و آخر سات سات مرتبہ دُرود شریف کے ساتھ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ یہ آیتِ کریمہ پڑھیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط وَھُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ ... تا ... رَبُّكَ قَدِیۡرًا ۔ (پ:۱۹، الفرقان، آیت: ۵۴)

پھر نیک، شریف و باعزت رِشتے کے لیے اللہ عزوجل سے دُعا کریں۔ اِن شاءاللہ عزوجل گیارہ دِنوں میں ہی پیغام آنا شروع ہوں۔ اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔

مدتِ عمل: ۲۱ دن

اگر کوئی مناسب رشتہ نہ ملے

اگر بسیار تگ و دو کے بعد بھی کوئی مناسب رشتہ نہ مل رہا ہو تو بعد نمازِ عشاء

Scanned by CamScanner

اوّل وآخر گیارہ بار دُرود شریف کے ساتھ سو ۱۰۰ ر مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ۔

(پ:۲۰، النمل، آیت:۶۲)

مدتِ عمل: اکیس یوم

اگر لڑکا رلڑکی راضی ہوں مگر......

اگر کوئی پسند کی شادی کرنا چاہتا ہو اور اس سلسلے میں والدین بے نیازی کا مظاہرہ کریں تو ایسے جائز وحلال مقصد کے لیے لڑکا اور لڑکی یہ عمل کریں:

بعد نمازِ عصر اوّل وآخر گیارہ بار دُرود شریف کے بعد سورۃ العصر ۱۰۱ ر مرتبہ پڑھے اور اِختتام پر اپنے جائز مقصد کے حصول کے لیے اللہ عزوجل کی بارگاہ میں دُعا کریں۔ اِن شاءاللہ عزوجل اس عمل کی بدولت والدین راضی ہو جائیں گے اور اُن کی شادی کر دیں گے۔

مدتِ عمل: ۲۱ ر دن

تنبیہ......خدانخواستہ اگر اس مدت میں کوئی واضح راہ نہ ملے تو سنگین قدم اُٹھانے سے گریز کریں اور اللہ عزوجل کی رحمت پر کامل بھروسہ کرتے ہوئے اس عمل کو جاری رکھیں۔ اللہ عزوجل ضرور کرم فرمائے گا۔

نوٹ......نمازِ پنج گانہ کی پابندی لازِم ہے۔

رشتۂ صالحہ کا تعویذ

اگر باوجود کوشش کے کوئی رشتہ نہ آتا ہو اور اگر آتا ہو اور ناپسند کر کے چلا جاتا

Scanned by CamScanner

ہوتو سورۃ النحل کی ابتدائی سولہ آیات باوُضو پاک وصاف کاغذ پر مُشک و زعفران سے یا مجبوری کی صورت میں پاک روشنائی سے لکھ کرلڑکی کے گلے میں ڈال دے اور روزانہ اس تعویذ کو اگر بتی کی دھونی دیتے رہیں۔ اِن شاءاللہ عزوجل بہت جلد رشتہ آئے اور پسند کر کے بات طے کرے۔

نوٹ...... نمازِ پنج گانہ کی پابندی لازِم ہے۔

جلدی شادی ہونے کا عمل

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی میں بے حد دشواریاں ہوں اور کسی طرح سے رِشتہ طے نہ ہوتا ہو تو ایسے میں بعد نمازِ عصر اوّل وآخر اِکیس بار دُرود شریف کے ایک مرتبہ ذرا بلند آواز سے سورۃ احزاب تلاوت کرے اور مسلسل گیارہ دِن عمل کرے۔ اِن شاءاللہ عزوجل اِن گیارہ دِنوں میں رشتہ طے ہو جائے گا۔

نوٹ...... نماز کی پابندی شرط ہے۔...... یہ عمل خلوت (تنہائی) میں کرے۔

پسند کی شادی ہو کر رہے

اگر کوئی پسند کی شادی میں مسائل کا شکار ہو اور اپنی پسند کی شادی کے علاوہ کہیں اور شادی کا سوال ہی پیدا نہ ہو تو چاہیے کہ بعد نمازِ فجر ۷۸۶ رمرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط پڑھ کر اللہ عزوجل سے اپنے مقصد کے لیے دُعا کرے۔ اوّل وآخر ایک سو ایک ۱۰۱ ربار کوئی سا دُرود شریف پڑھے۔ اور رات سوتے وقت ۳۰۰ رسو بار یَا لَطِیۡفُ یَا سَلَامُ پڑھ کر اپنے مقصد کے لیے دُعا کرے اور اپنی پسند کی شادی کا تصوّر کر کے سو جائے۔

مدتِ عمل: ۴۰ ردن ہے۔ اِن شاءاللہ اسی عرصے میں پسند کی شادی ہو

Scanned by CamScanner

جائے گی۔

نوٹ......نماز کی پابندی لازم ہے اور اس عمل کا کسی پر اظہار نہ کرے، بغیر بات چیت کیے سو جائے۔

اگر منگنی ٹوٹنے کا خطرہ ہو

جن لڑکوں یا لڑکیوں کی منگنی ہو چکی ہو اور خاندانی مسائل یا دیگر وجوہات کی بنا پر اگر منگنی ٹوٹنے کا خطرہ ہو تو انہیں چاہیے کہ بعد نمازِ عصر تین مرتبہ یٰسٓ شریف کی تلاوت کریں اور اس کے بعد تین تسبیح یَا اَللّٰہُ یَا فَتَّاحُ کا وِرد کریں۔ اگر لڑکا یا لڑکی خود نہ پڑھ سکے تو والدین یہ عمل کریں۔

عمل کی مدت مسلسل گیارہ دن ہے۔ اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔

طلاق یافتہ کی دوبارہ شادی کا عمل

اگر خدانخواستہ لڑکی کو طلاق ہو چکی ہو اور والدین کی کوشش ہو کہ کسی طرح دوبارہ اس کا گھر بس جائے تو انہیں چاہیے کہ بعد نمازِ فجر دو مرتبہ سورۂ یٰسین شریف تلاوت کرے اور گیارہ سو ۱۱۰۰ مرتبہ یَا مُعِیْنُ کا وِرد کرے۔ اِن شاء اللہ عزوجل اِکیس سے اکتالیس دِن کے مسلسل عمل سے لڑکی کے لیے دوبارہ رِشتۂ صالحہ مہیا ہو۔ عمل کے اختتام پر حصولِ رشتۂ صالحہ کی دعا ضرور کرے۔

شادی کروانے کا لاجواب عمل

اگر کوئی اچھی جگہ رشتۂ صالحہ کا خواہش مند ہو اور بظاہر کوئی سبب نہ بن رہا ہو تو

Scanned by CamScanner

چاہیے کہ بروزِ جمعہ بعد نمازِ عصر تا مغرب مسجد میں بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے بے شمار مرتبہ یہ پڑھے:

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

اذانِ مغرب پر اپنے مقصد کے لیے دعا کرے اور مسلسل تین یا پانچ جمعوں تک جاری رکھے۔ اِن شاء اللہ عزوجل بہت جلد ہی خواہش پوری ہوگی۔

مخالف فریق کو شادی پر آمادہ کرنے کا عمل

مخالف فریق کو رضامند کرنے کے لیے نہایت مجرب عمل ہے۔ چاہیے کہ حسبِ ضرورت لاہوری نمک لے کر اُس پر بروزِ جمعۃ المبارک بعد نمازِ جمعہ اوّل و آخر دس بار دُرود شریف کے، ایک ہزار ایک بار (۱۰۰۱) يَا وَدُوْدُ پڑھ کر دَم کریں اور خیال رہے کہ یہ نمک زمین پر ہرگز ہرگز نہ گرے، بہت احتیاط رکھی جائے۔ جو اِسے کھائے گا باذن اللہ تعالیٰ مطیع و فرماں بردار ہوگا۔ جس کی نیت سے پڑھا ہے اُسی پر اثر ہوگا اور اگر دوسرے کھائیں تو بھی فائدہ ہوگا۔ اِن شاء اللہ آپس میں خلوص و محبت پیدا ہوگی۔

نوٹ...... اگر فریقِ مخالف گھر آئے تب بھی اس نمک سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ (مجرّب ہے)

شادی کروانے کا اکسیر عمل

اگر بصد کوشش کے کوئی نیک اور جائز رشتہ نہ ملتا ہو اور عمر بڑھتی جا رہی ہو تو ایسے میں چاہیے کہ کسی ولیِ کامل کے مزار پر بعد نمازِ عشاء بیٹھ کر سورۂ یٰسین شریف تین بار پڑھے اور ہر دفعہ ختم پر سات سو ۷۰۰ مرتبہ يَا وَاجِدُ يَا مُجِيْبُ پڑھے

اور اللہ عزوجل سے اُس ولیِ کامل کے توسّل سے دُعا مانگے۔ اِن شاء اللہ العزیز شادی میں رُکاوٹیں دور ہوں اور بہت جلد رشتۂ صالحہ میسر آئے۔

فائدہ...... اس عمل کو بروز جمعرات شروع کرے اور بروز اتوار ختم کرے۔

عمل شروع کرنے سے قبل وبعد ایک تسبیح دُرود شریف کی ضرور پڑھے۔ جب حاجت پوری ہو جائے تو اُس ولیِ کامل کے مزار پر چادر اور پھول چڑھائے اور کچھ نیاز حسبِ توفیق تقسیم کرے۔

اگر لڑکی کی شادی کے لیے جہیز کا انتظام نہ ہو

بسا اوقات لڑکی کے لیے اچھا اور شریف رشتہ میسر آتا ہے مگر رسم ورواج کی بنا پر جہیز کا کوئی انتظام نہیں ہو پاتا، کہ جس کی وجہ سے رِشتہ ٹوٹنے کا خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ ایسے میں والدین کس قدر پریشانی کا سامنا کرتے ہیں اس کا اندازہ کرنا کوئی مشکل نہیں ہے۔ ایسی حالت میں والدین کو چاہیے کہ صبر وتحمل اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہوئے درجِ ذیل عمل کریں، اِن شاء اللہ عزوجل عمل کی مدت پوری ہونے سے قبل ہی انتظام ہو جائے گا۔

عمل یہ ہے:

دُرودِ ابراہیمی...... گیارہ مرتبہ

سورۂ مزمل...... گیارہ مرتبہ

یَامُغْنِیُ...... گیارہ سو گیارہ مرتبہ   دُرودِ ابراہیمی...... گیارہ مرتبہ

بعد نمازِ عشاء شروع کرے اور آخر تک کسی سے بات نہ کرے۔ بہتر ہے کہ

Scanned by CamScanner

خلوت اختیار کرے اور اس عمل کا کسی سے تذکرہ نہ کرے۔

مدتِ عمل...... اکتالیس یوم۔ یہ عمل شروع کرنے سے مصنف تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔

اگر شادی میں جنّات رکاوٹ ڈالیں تو

اکثر دیکھا گیا ہے کہ نوجوان لڑکیوں پر جنّات کا اثر ہو جاتا ہے کہ جس کی وجہ سے لڑکی کی کسی اچھی جگہ بات چیت ہوتے ہوتے بگڑ جاتی ہے اور وہ شریر جن حصولِ رشتۂ صالحہ میں طرح طرح کی رُکاوٹیں پیدا کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اس مشکل سے خلاصی کے لیے درج ذیل عمل نہایت مناسب ہے۔

بعد نمازِ عشاء لڑکی کے والدین میں سے کوئی سورۂ حشر کی آخری تین آیات هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ...... سے...... اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ تک سو ۱۰۰ ر بار پانی پر دَم کر کے وہ پانی سارا دِن استعمال کرائیں اور مسلسل اِکیس دِن تک عمل کریں۔

اِن شاء اللہ عزوجل اس عمل کی بدولت تمام رُکاوٹیں دور ہوں اور شریر جنات سے امان حاصل ہو اور اگر کسی صالح شخص سے مندرجہ بالا آیات زعفران وغیرہ سے لکھوا کر لڑکی کے گلے میں ڈالے تو جلد کامیابی ہو اور بہت جلد رشتۂ صالحہ میسر ہو۔ (اِن شاء اللہ عزوجل)

برکاتِ قصیدۂ بردہ شریف

اگر ہر طرح کے حیلوں کے باوجود لڑکی کے لیے کوئی صالح رشتہ نہ ملے تو ایسی صورت میں نوچندی شبِ جمعہ کو بعد نمازِ عشاء قصیدۂ بردہ شریف ستر بار پڑھ کر لڑکی کی شادی کے لیے دُعا کریں۔ اِن شاء اللہ سات جمعوں کے عمل سے لڑکی کے لیے

Scanned by CamScanner

ضرور کوئی رشتۂ صالحہ میسر آئے۔

نوٹ......اگر ایک فرد تنہا نہ پڑھ سکے تو تین افراد مل کر پڑھیں۔ پڑھنے والوں کا نمازی پرہیز گار ہونا ضروری ہے۔ (مجرّب المجرب ہے)

رشتۂ صالحہ کا مجرب اور آسان عمل

بروز اتوار پہلی ساعت میں سورۂ حج کی آیت نمبر ۵، وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً...... سے...... مَنْ فِي الْقُبُورِ آیت نمبر سات تک زعفران سے لکھ کر دائیں بازو پر باندھے اور روزانہ بعد نمازِ فجر اسی وظیفے کو اکتالیس بار پڑھے۔ اِن شاءاللہ العزیز دو ہفتوں میں مراد حاصل ہو۔ (مجرّب ہے)

جس مرد کی شادی نہ ہوتی ہو

جس مرد کی شادی نہ ہوتی ہو، وہ شروع ماہ میں تین دِن روزہ رکھے اور رات میں سورۂ مزمّل کو اکیس ۲۱ رمرتبہ پڑھے۔ تین ماہ یہ عمل برابر کرے۔ اِن شاءاللہ عزوجل نیک بیوی نصیب ہوگی۔

نوٹ...... ہر اسلامی مہینے کے پہلے تین دِن یہ عمل کرنا ہے۔ سارا ماہ عمل نہیں کرنا اور یہ عمل صِرف مَردوں کے لیے مخصوص نہیں بلکہ خواتین بھی کر سکتی ہیں۔

نوٹ...... ہر ماہ عمل کرنے سے قبل کچھ صدقہ ضرور ادا کرے۔

لڑکیوں کی قسمت کھولنے کے لیے

اگر گھر کی لڑکیوں کی قسمت بند ہو کہ کوئی اچھا اور معقول رِشتہ نہ آتا ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

Scanned by CamScanner

بعد نمازِ عشاء گھر کے چند بالغ افراد جو کہ صحیح مخارج سے قرآنِ پاک پڑھنا جانتے ہوں، باوضو اِکتالیس ۴۱ مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پڑھیں اور اس کے بعد اسمِ جبروت تمام افراد مل کر سو ۱۰۰ مرتبہ کی تعداد پوری کریں۔ یَا کَرِیْمُ تَکَرَّمْتَ بِالْکَرَمِ وَالْکَرَمُ فِیْ کَرَمِہٖ کَرَمِكَ یَا کَرِیْمُ (پھر) اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ اِن شاء اللہ گیارہ دِن کے عمل سے لڑکیوں کی قسمت کھل جائے گی اور اچھے اور مناسب رشتے آنا شروع ہو جائیں گے۔

بے سہارا بچیوں کی شادی کے لیے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ۔ (پ ۲۰۔ النمل: ۶۲) جن بچیوں کے والدین یا سرپرست نہ ہوں اور صورت حال میں رشتۂ صالحہ کے لیے دشواریاں پیدا ہو رہی ہوں تو اُنہیں چاہیے کہ روزانہ بعد نمازِ عشاء اس آیتِ کریمہ کو سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اور گیارہ سو مرتبہ یَا لَطِیْفُ کا وِرد کریں۔ اوّل وآخرِ گیارہ گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔

اِن شاء اللہ عزوجل اس عمل کی برکت سے چالیس دن کے اندر اندر اچھا اور مناسب رِشتہ مل جائے گا۔

شادی کے جملہ اُمور بحسن وخوبی انجام پذیر ہوں

بچیوں کی شادی کے سلسلے میں اُس وقت تک والدین کو پریشانی رہتی ہے جب تک بچیاں اپنے گھر نہ چلی جائیں۔ عموماً دیکھا گیا ہے کہ حاسدین ان دِنوں خصوصی طور پر برائی پر آمادہ رہتے ہیں۔ لہٰذا اِن تمام معاملات میں سورۂ قریش کو

Scanned by CamScanner

بعد نمازِ عصر اور عشاء اِکیس مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ دُرود شریف پڑھیں۔ اِن شاء اللہ عزوجل دشمن اور حاسدین بال بھی بیکا نہیں کر سکتے اور بحسن وخوبی تمام اُمور انجام پذیر ہوں۔

نوٹ......یہ عمل شادی کی تیاری سے لے کر نکاح تک جاری رکھیں۔

ہر قسم کی بندش کا علاج

اکثر بچیوں اور بچوں کے رِشتے صِرف اسی وجہ سے طے نہیں ہو پاتے کہ وہ دشمنوں اور حاسدوں کی جانب سے سخت قسم کی بندش کا شکار ہوتے ہیں۔ ہر قسم کی بندش اور رُکاوٹ دُور کرنے کے لیے یہ عمل لاجواب اور تیر بہدف ہے۔ عمل یہ ہے: بعد نمازِ فجر ایک مرتبہ سورۂ مزمّل شریف، چاروں قل تین مرتبہ اور آیۃ الکرسی گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دَم کر کے لڑکی اور لڑکے کو پلائیں اور اُسی پانی سے ہاتھ منہ دُھلائیں۔ اوّل وآخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔ اِن شاء اللہ عزوجل اس عمل کو گیارہ روز مسلسل کرنے سے ہر قسم کی بندش ختم ہو جائے گی۔

نوٹ......اس عمل کی اجازت عام ہے۔

نوٹ......دَم شدہ پانی زمین پر نہ گرے، کسی کیاری وغیرہ میں ڈال دیں۔

استخارۂ نکاح

منگنی کرنے سے پہلے استخارۂ نکاح کر لینا بہتر ہوتا ہے کہ بعد میں پریشانی سے نجات رہتی ہے۔ جس لڑکی اور لڑکے کا استخارہ کرنا مقصود ہو اُن کا تصور جما کر بعد نمازِ عشاء ایک سو گیارہ ۱۱۱ رمرتبہ یَا عَلِیْمُ اور ایک سو ایک ۱۰۱ ربار

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

(البقرة:۲:۳۲) پھر ایک سو گیارہ ۱۱۱ ر باریَا عَلِیۡمُ پڑھ کر تصوّر میں دونوں کو رکھتے ہوئے سو جائے۔ اِن شاء اللہ عزوجل خواب میں اس رشتے کے بارے میں آگاہی حاصل ہو جائے گی۔

اگر بات بگڑ جاتی ہو

عموماً گھروں میں لڑکیوں کے رِشتے آتے ہیں مگر بات نہیں بنتی اور اگر بن بھی جائے تو دو چار دن میں ٹوٹ جاتی ہے اور بظاہر اس کی کوئی وجہ بھی نہیں ہوتی مگر بات بنتے بنتے بلا وجہ ختم ہو جاتی ہے۔ اس صورتِ حال میں سورۂ بقرہ الٓمّٓ سے هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡن تک ایک سو ایک ۱۰۱ ر بار پڑھ کر دعا مانگیں۔ اِن شاء اللہ عزوجل بات بنی رہے گی اور مناسب رشتہ ہو کر رہے گا۔

مدتِ عمل: اِکیس دِن۔

خبردار!

نقلی عاملوں، جعلساز باواؤں، سنیاسی باوا، بنگال کا جادو اور محبوب آپ کے قدموں میں جیسے اشتہارات سے بچیے اور اپنی دُنیا و آخرت سنواریئے۔

اللہ تعالیٰ اِن تمام اَوراد و وظائف سے ہر مسلمان مرد و عورت کو مستفیض فرمائے اور فقیر کی اس سعی کو اپنے دربار میں مقبول فرمائے۔ آمین بجاہِ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم

Scanned by CamScanner

Books of Falaah Research Foundation

Title	Author	Price
☆ The Preamble to Faith (Tamheed-e-Iman)	Ala Hazrat Imam Ahmed Raza	Rs.140/-
☆ Management Science in Islam	Ala Hazrat Imam Ahmed Raza	Rs. 20/-
☆ Divine Decree and Predestination	Ala Hazrat Imam Ahmed Raza	Rs. 20/-
☆ Islam the Religion Ultimate	Sayyid Aley Rasool Nazmi	Rs.100/-
☆ Kitabus Salaat	Sayyid Aley Rasool Nazmi	Rs. 30/-
☆ How to Preach Islam	Allama Abdul Aleem Siddiqui	Rs. 80/-
☆ Hayat Al-Anbiya (Prophets are Alive)	Engr. Fazlullach Chishti	Rs. 40/-
☆ Four Importance Issue	Engr. Fazlullach Chishti	Rs. 50/-
☆ Fabrications	Engr. Fazlullach Chishti	Rs.200/-
☆ Amulets & Ruqya in Islam	Engr. Fazlullach Chishti	Rs.120/-
☆ Imam Aazam & the Knowledge of Hadith	Engr. Fazlullach Chishti	Rs. 20/-
☆ Salaah of Women	Engr. Fazlullach Chishti	Rs. 60/-
☆ Distance of Feet in Salaah	Engr. Fazlullach Chishti	Rs. 24/-

کتاب	مصنف	قیمت
☆ خطباتِ سید العلماء	سید آلِ مصطفیٰ قادری مارہروی	Rs.180/-
☆ بعد از خدا (نعتیہ دیوان)	سید آلِ رسول نظمی مارہروی	Rs.260/-
☆ مصطفیٰ سے آلِ مصطفیٰ تک	سید آلِ رسول نظمی مارہروی	Rs.32/-
☆ تحریفات	انجینئر فضل اللہ چشتی	Rs.140/-
☆ تعویذ جائز یا ناجائز	انجینئر فضل اللہ چشتی	Rs.70/-
☆ امام اعظم ابوحنیفہ اور علمِ حدیث	انجینئر فضل اللہ چشتی	Rs.20/-
☆ خواتین کی نماز: قرآن وسنت کی روشنی میں	انجینئر فضل اللہ چشتی	Rs.50/-
☆ پاؤں پھیلا کر نماز پڑھنا کیسا	انجینئر فضل اللہ چشتی	Rs.22/-
☆ فتاویٰ شاہ مولانا رفیع الدین محدث دہلوی	شاہ رفیع الدین دہلوی	Rs.32/-
☆ قرآن کورَز	محمد فہیم قادری مصطفائی	Rs.20/-
☆ اصولِ حدیث کورَز	محمد فہیم قادری مصطفائی	Rs.20/-
☆ صَرف کورَز	محمد فہیم قادری مصطفائی	Rs.24/-
☆ علم وفن کورَز	محمد فہیم قادری مصطفائی	Rs.30/-
☆ حضرت امام اعظم بحیثیت فقیہ ومحدث	مفتی شریف الحق امجدی	Rs.50/-
☆ تبلیغ اسلام کے اصول وفلسفہ	علامہ عبدالعلیم صدیقی میرٹھی	Rs.60/-
☆ کنز الایمان کا لسانی جائزہ	ڈاکٹر صابر سنبھلی	Rs.80/-
☆ تقویت الایمان میں تحریف کیوں؟	مولانا محمد علی قادری	Rs.80/-

Contact: Falaah Research Foundation

523/7, Waheed Kutub Market, Matia Mahal, Jama Masjid, Delhi-11006

zubairqadri@in.com /:Mobile: 09867934085

Scanned by CamScanner

فلاح ریسرچ فاؤنڈیشن کی علمی، تحقیقی اور مفید کتابیں

اردو کتابیں

کتاب	مصنف	قیمت
☆خطباتِ سید العلماء	سید آلِ مصطفےٰ قادری مارہروی	180/-
☆بعد از خدا (نعتیہ دیوان)	سید آلِ رسول نظمی مارہروی	260/-
☆مصطفےٰ سے آلِ مصطفےٰ تک	سید آلِ رسول نظمی مارہروی	32/-
☆کنزالایمان کا لسانی جائزہ	ڈاکٹر صابر سنبھلی	80/-
☆فتاویٰ شاہ رفیع الدین دہلوی	شاہ رفیع الدین دہلوی	32/-
☆قرآن کورس	محمد فہیم قادری مصطفائی	20/-
☆اُصولِ حدیث کورس	محمد فہیم قادری مصطفائی	20/-
☆صَرف کورس	محمد فہیم قادری مصطفائی	24/-
☆علم وفن کورس	محمد فہیم قادری مصطفائی	30/-
☆اردو صحافت آزادی کے بعد	ڈاکٹر افضل مصباحی	400/-
☆تبلیغ اسلام کے اُصول وفلسفہ	علامہ عبدالعلیم صدیقی میرٹھی	60/-
☆اسلام اور جدید معیشت	مولانا اسلم رضا قادری	40/-
☆محفل میلاد کا مقصدِ خیر	علامہ جلال الدین سیوطی	30/-
☆امام اعظم کی حیات وخدمات	مفتی شریف الحق امجدی	50/-
☆تقویت الایمان میں تحریف کیوں؟	محمد علی رضا قادری	60/-

انجینئر مفضل اللہ صاحب چشتی کی مطبوعات

قیمت	کتاب
140/-	☆تحریفات
70/-	☆تعویذ جائز یا ناجائز
20/-	☆امام اعظم ابوحنیفہ اور علم حدیث
50/-	☆خواتین کی نماز: قرآن وحدیث کی روشنی میں
22/-	☆پاؤں پھیلا کر نماز پڑھنا
30/-	Hayat al-Anbiya (Prophets are Alive)
50/-	Four Important Issues
200/-	Fabrications
120/-	Amulets & Ruqya in Islam
20/-	Imam Aazam & the Knowledge of Hadith
60/-	Salah of Women
24/-	Distance of Feet in Salah

ENGLISH BOOKS

Title	Author	Price
☆The Preamble to Faith (Tameed-e-Iman)	Ala Hazrat	Rs. 140/-
☆ Management Sciences in Islam	Ala Hazrat	Rs. 20/-
☆ Divine Decree and Predestination	Ala Hazrat	Rs. 20/-
☆ Islam the Religion Ultimate	Sayyid Aley Rasool	Rs.100/-
☆ Kitabus Salaat	Sayyid Aley Rasool	Rs. 30/-
☆How to Preach Islam	Allama Abdul Aleem Siddiqui	Rs.80/-

Ad-Darus-Sunniyah

523/7, Waheed Market, Matia Mahal, Jama Masjid, Delhi-110006

Mobile: 09867934085 / Email: zubairqadri@in.com

Scanned by CamScanner